سجدے میں پڑھی جانے والی تسبیح

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی

ترجمہ :

میرا بلند و بالا رب پاک ہے۔ (سنن ابوداؤد، جلد 1، صفحہ 234، رقم الحدیث: 886، مطبوعہ المکتبۃ العصریہ، بیروت)

سجدے میں پڑھی جانے والی ایک اور تسبیح

سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ، رَّبُّ الْمَلَائِکَۃِ وَ الرُّوْحِ

ترجمہ :

(اللہ) نہایت پاک، فرشتوں اور روح کا رب ہے۔

صحیح مسلم کی حدیث مبارک میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ: أن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یقول في رکوعه وسجوده سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ، رَّبُّ الْمَلَائِکَۃِ وَ الرُّوْحِ ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے رکوع اور سجدے میں یہ (اوپر ذکر کردہ تسبیح) پڑھتے۔ (صحیح مسلم، جلد 2، صفحہ 51، رقم الحدیث: 487، مطبوعہ دار طوق النجاۃ)

نوٹ: یہ یاد رہے کہ احادیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے رکوع اور سجدے میں مختلف قسم کی دعائیں پڑھنا منقول ہیں۔ اور جو بھی دعائیں احادیث میں بیان کی گئی ہیں، علمائے کرام نے فرمایا کہ یہ احادیث نوافل پر محمول ہیں یعنی تنہا نوافل پڑھنے والا یہ دعائیں پڑھے تو کوئی حرج نہیں۔

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net